# CADET COLLEGE PETARO

**CLASS O-I**

**Syllabus Outline for URDU Paper**

MODEL TEST PAPER NEW ENTRY CADET COLLEGE PETARO

## بنیادی زبان کی مہارت

### i. ذخیرہ الفاظ:

- تعلیمی مضامین، موجودہ واقعات، اور ثقافتی موضوعات سے متعلق ذخیرہ الفاظ کا فہم۔
- اسم صوت، متضاد الفاظ، مترادف، واحد جمع، تذکیر و تانیث اور ذو معنی الفاظ سے واقفیت
- انگریزی سے اردو اور اردو سے انگریزی الفاظ کا ترجمہ
- لکھنے میں مؤثر طریقے سے الفاظ کا استعمال اور ربط قائم کرنا۔
- تفصیلی مضامین، رپورٹس، تفہیم نگاری، ترجمہ نویسی اور تخلیقی ٹکڑوں کو لکھنا۔


### ii. قواعد:

- رموزِ اوقاف اور املا کا مؤثر استعمال۔
- گرامر ڈھانچے (اسم اور اسم کی اقسام، مرکب جملے اور جملے کی ساخت میں تبدیلی وغیرہ)
- خالی جگہ پُر کرنا اور درست عبارت سے جملے ملانا۔
- تفہیم نگاری اور تلخیص نگاری۔
- ذاتی تحریری انداز تیار کرنا اور واضح انداز میں اپنا موقف بیان کر سکتا ہو۔
- مختصر عبارت تحریر کرنے کے قابل ہو۔

# CADET COLLEGE PETARO

## CLASS–O-I

## SAMPLE OF OMR ANSWER SHEET



CADET COLLEGE PETARO

ENTRY 2026 FOR ADMISSION TO CLASS O-I

ANSWER SHEET

Name of Candidate (IN CAPITAL LETTERS)

GHULAM-MUHAMMAD

ROLL NUMBER

26-E- 2 5 1 6

INSTRUCTIONS

1. This sheet should not be folded or crushed.
2. Use black ball point pen to record the answer.
3. Rough work must not be done on the answer sheet.
4. Please do not make any stray marks on the answer sheet.

WRONG MARKING

CORRECT MARKING

Darken one circle deeply for each question in the *ANSWER SHEET*, as faintly darkened, half darkened circle might be rejected by the Optical

CANDIDATE's Sign.

INVIGILATOR 's Sign.

SUBJECT : URDU

| Q | Marked | Q | Marked | Q | Marked | Q | Marked |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | B | 11 | D | 21 | B | 31 | C |
| 2 | C | 12 | C | 22 | A | 32 | B |
| 3 | B | 13 | C | 23 | D | 33 | D |
| 4 | D | 14 | B | 24 | C | 34 | A |
| 5 | C | 15 | C | 25 | C | 35 | B |
| 6 | C | 16 | A | 26 | B | 36 | D |
| 7 | B | 17 | A | 27 | A | 37 | C |
| 8 | A | 18 | B | 28 | D | 38 | B |
| 9 | A | 19 | D | 29 | B | 39 | A |
| 10 | C | 20 | C | 30 | C | 40 | C |

© CADET COLLEGE PETARO EXAMINATION CELL (Secret) 2026

*Computerized Testing System*

# CADET COLLEGE PETARO

## CLASS–VIII

## MODEL TEST PAPER

## URDU

| Time: 1 Hour | Max. Marks: 100 |
|---|---|

***MARK CORRECT CHOICE BY FILLING IN THE APPROPRIATE BOX ON THE GIVEN ANSWER SHEET***

### SECTION-A (OBJECTIVE) [80 Marks]

**Q.1. Choose the correct answer for each from the given options.**

1۔ اگر کوئی شخص "**آسمان سے گرا اور کھجور میں اٹکا** " محاورہ استعمال کرتا ہے، تو وہ کس صورت حال کو بیان کر رہا ہے؟

الف) ایک خوشگوار حادثہ پیش آیا　　ب) ایک مصیبت سے نکل کر فوراً دوسری میں پھنس گیا

ج) اسے اونچائی سے ڈر لگنے لگا　　د) وہ بہت محنت سے کام کر رہا ہے

2۔ جملہ " : سلیم کی کامیابی پر **اس کے دل کو قرار آیا۔** "اس جملے میں 'قرار آنا' کیا ظاہر کرتا ہے؟

الف) شدید پریشانی　　ب) دلی سکون اور اطمینان

ج) غصہ اور ناراضگی　　د) کسی سے ملاقات کرنا

3۔ روزنامہ اخبار میں "**اداریہ** (Editorial) "کا بنیادی مقصد کیا ہوتا ہے؟

الف) صرف اشتہارات شائع کرنا　　ب) کھیل کی خبریں دینا

ج) کسی اہم مسئلے پر اخبار کی رسمی رائے پیش کرنا　　د) موسم کا حال بتانا

4۔ اگر کوئی طالب علم کہتا ہے کہ اسے کسی موضوع پر "**گہری بصیرت** (Deep Insight) "حاصل ہے، تو اس کا کیا مطلب ہے؟

الف) وہ اس موضوع پر بہت سی کتابیں پڑھ چکا ہے　　ب) وہ اس موضوع کی صرف سطحی معلومات رکھتا ہے

ج) وہ اس موضوع کی بنیادی اور اندرونی سمجھ رکھتا ہے　　د) وہ اس موضوع کے بارے میں مزید جاننا نہیں چاہتا



MODEL TEST PAPER NEW ENTRY CADET COLLEGE PETARO

**5۔** جملہ" :وہ ہر کام میں **احتیاط سے کام لیتا ہے۔** "اس جملے کے سیاق وسباق میں سب سے موزوں ضد (Antonym) کون سی ہو گی؟

الف)لاپرواہی ب) سمجھداری

ج)محنت د)تیزی

**6۔** کون سا جملہ "**اپنے منہ میاں مٹھو بننا** "کے معنی بیان کرتا ہے؟

الف)دوسروں کی تعریف کرنا ب)اپنی تعریف خود کرنا

ج)میٹھی باتیں کرنا د)کسی سے مشورہ لینا

**7۔** "**پانی پانی ہو جانا** "کا مفہوم؟

الف)سخت گرمی ہونا ب)سخت شرمندہ ہونا

ج)بہت زیادہ بارش ہونا د)سیر کے لیے جانا

**8۔** کون سا جملہ "**چہرے پر ہوائیاں اڑنا** "کے معنی بیان کرتا ہے؟

الف)سخت غصہ آنا ب)شدید خوشی محسوس کرنا

ج)خوف یا پریشانی سے رنگ اڑ جانا د)ہلکی ہوا محسوس ہونا

**9۔** "**آستین کا سانپ** "کسے کہتے ہیں؟

الف)سچا اور وفادار دوست ب)دھوکہ دینے والا اپنا قریبی شخص

ج)ایک خطرناک جانور د)غیر ملک کا شہری

**10۔** ایک اچھی تلخیص (Summary) کی طوالت اصل عبارت کا تقریباً کتنا حصہ ہونی چاہیے؟

الف)نصف(2/1) ب)دو تہائی(3/2)

ج)ایک تہائی(3/1) د)مکمل عبارت کے برابر

**11۔** تلخیص نگاری میں کس بات سے اجتناب کرنا سب سے اہم ہے؟

الف)غیر ضروری تفصیلات شامل کرنا یا اپنی رائے دینا ب)واضح اور سادہ زبان استعمال کرنا

ج)بنیادی نکات کو اجاگر کرنا د)تیسرے شخص کا صیغہ استعمال کرنا

MODEL TEST PAPER NEW ENTRY CADET COLLEGE PETARO

12۔ جملہ " **:وہ کامیاب ہو کر چلا گیا** " مرکب جملہ بنائیں۔

الف)وہ اس لیے کامیاب ہوا تاکہ چلا جائے

ب)جب وہ کامیاب ہوا، تو وہ چلا گیا

ج)اس نے کامیابی حاصل کی اور چلا گیا

د)کامیاب ہونے کے بعد وہ چلا گیا

13۔ **میں آپ کی کتاب واپس نہیں کروں گا** "کا مثبت (Affirmative) جملہ کیا ہے؟

الف)میں آپ کی کتاب واپس کروں گا

ب)میں آپ کی کتاب ضرور رکھوں گا

ج)میں آپ کی کتاب نہیں دوں گا

د)میں آپ کی کتاب سنبھال کر رکھوں گا

14۔ جملہ " **:بچوں نے شور نہیں مچایا** " سوالیہ/استفہامیہ جملہ بنائیں

الف)کیا بچوں نے شور مچایا؟

ب)بچوں نے بالکل شور نہیں مچایا

ج)بچوں کو شور نہیں مچانا چاہیے تھا

د)شور کس نے مچایا؟

15۔ جملہ " **:وہ بہت غریب ہے، اس لیے فیس نہیں دے سکتا** " سادہ جملہ بنائیں

الف)غریبی کی وجہ سے وہ فیس نہیں دے سکتا

ب)چونکہ وہ غریب ہے، وہ فیس نہیں دے گا

ج)وہ بہت غریب ہے اور فیس نہیں دے سکتا

د)وہ فیس نہ دے سکا کیونکہ وہ غریب تھا

16۔ کون سا جملہ **فعل مجہول** (Passive Voice) کی مثال ہے؟

الف)میں نے خط لکھا

ب)خط لکھا گیا

ج)وہ خط لکھ رہا ہے

د)خط کون لکھے گا؟

17۔ **استاد نے طالب علم کو شاباش دی** "کا منفی (Negative) جملہ کیا ہے؟

الف)استاد طالب علم کو شاباش نہیں دے گا

ب)استاد نے طالب علم کو شاباش نہیں دی

ج)استاد کو طالب علم کو شاباش نہیں دینی چاہیے

د)طالب علم نے استاد کو شاباش نہیں دی

18۔ آسمان پر گھنے بادل_____لگے۔

الف)ٹپکنے

ب)چھانے

ج)بہنے

د)اُڑنے

19۔ دیانتداری ایک اہم_____ہے۔

الف)عیب

ب)خوبی

ج)سزا

د)ہتھیار

MODEL TEST PAPER NEW ENTRY CADET COLLEGE PETARO

20۔ اس نے بہت ____ بات کہہ دی۔

الف) غیر　　ب) صاف

ج) اونچی　　د) کچی

21۔ ہمیں ہمیشہ اپنے والدین کا ____ کرنا چاہیے۔

الف) مقابلہ　　ب) خیال

ج) شکریہ　　د) احترام

22۔ وہ رات کو دیر سے ____ کی وجہ سے بیمار ہو گیا۔

الف) سونے　　ب) جاگنے

ج) کھانے　　د) بھاگنے

23۔ انسان کا سب سے بڑا ____ اس کا اپنا نفس ہے۔

الف) دشمن　　ب) دوست

ج) ساتھی　　د) سایہ

24۔ ایک اچھا مضمون لکھنے کے لیے مواد کو کتنے بنیادی حصوں میں تقسیم کرنا ضروری ہے؟

الف) ایک حصہ　　ب) دو حصے (آغاز اور اختتام)

ج) تین حصے (آغاز، نفسِ مضمون، اختتام)　　د) چار حصے

25۔ مضمون میں **استدلال** (Argumentation) سے کیا مراد ہے؟

الف) کہانی سنانا　　ب) رائے کے حق میں مضبوط دلائل اور شواہد پیش کرنا

ج) صرف تاریخی واقعات بیان کرنا　　د) طویل تشریح کرنا

26۔ "Education is the key to success."

الف) تعلیم ایک بڑی کامیابی ہے　　ب) تعلیم کامیابی کی کنجی ہے

ج) تعلیم دروازے کی چابی ہے　　د) کامیابی صرف تعلیم میں ہے

27۔ "The world is facing a climate crisis."

الف) دنیا مالی مشکلات کا سامنا کر رہی ہے　　ب) دنیا موسمیاتی بحران کا سامنا کر رہی ہے

ج) دنیا ایک نئی فوج بنا رہی ہے　　د) دنیا پر سکون ہے

MODEL TEST PAPER NEW ENTRY CADET COLLEGE PETARO

28۔ لفظ "**ہمراز** " میں سابقہ "**ہم** " کیا معنی دیتا ہے؟

الف)ساتھ یا ایک جیسا
ب)زیادہ
ج)کم
د)مخالف

29۔ لفظ "**لاوارث** " میں سابقہ "**لا** " کا مفہوم کیا ہے؟

الف)جلدی
ب)ساتھ
ج)نہیں یا بغیر
د)پیچھے

30۔ لفظ "**کاریگر** " میں لاحقہ "**گر** " کا مفہوم کیا ہے؟

الف)گھر
ب)کام یا فن کرنے والا
ج)بلند
د)گراہوا

31۔ درج ذیل میں سے کون سا لفظ "**اسم نکرہ** (Common Noun) " کی مثال ہے؟

الف)لاہور
ب)قرۃ العین حیدر
ج)پہاڑ
د)قرآن مجید

32۔ جملہ: "وہ بہت **تیز** بھاگا۔" اس جملے میں لفظ '**تیز** ' کیا ہے؟

الف)اسم
ب)فعل
ج)صفت(Adjective)
د)متعلق فعل(Adverb)

33۔ لفظ "**سچائی** " میں "**سچ** " کے ساتھ کون سا لاحقہ (Suffix) لگا کر اسم کیفیت بنایا گیا ہے؟

الف)یا
ب)ئی
ج)آئی
د)ای

34۔ وہ اسم جو کسی کی **برائی یا اچھائی** ظاہر کرے، اسے کیا کہتے ہیں؟

الف)اسم ضمیر
ب)اسم معرفہ
ج)اسم صفت(Adjective)
د)اسم موصول

35۔ جملہ: "اسلم کل بازار **گیا تھا**۔" یہ جملہ کس زمانے کی عکاسی کرتا ہے؟

الف)زمانہ حال ناتمام
ب)زمانہ ماضی بعید(Past Perfect)
ج)زمانہ مستقبل
د)زمانہ ماضی مطلق

MODEL TEST PAPER NEW ENTRY CADET COLLEGE PETARO

36۔ جملہ " :**استاد نے کہا کہ سب بچے خاموش ہو جائیں۔** "ساخت کے لحاظ سے یہ کون سا جملہ ہے؟

الف)سادہ جملہ

ب)مرکب جملہ(Compound Sentence)

ج)مخلوط جملہ(Complex Sentence)

د)جملہ فعلیہ

37۔ جملہ :"مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ دی ہے۔"

سوال:اس جملے کا منطقی مطلب کیا ہے؟

الف)غریب لوگوں کی ہڈیاں ٹوٹ گئی ہیں۔

ب)غریب لوگ بوجھ نہیں اٹھا سکتے۔

ج)غریبوں کا معاشی طور پر جینا مشکل ہو گیا ہے۔

د)ہسپتالوں میں رش بڑھ گیا ہے

38۔ درج ذیل میں سے "**حرف جار** (Preposition) "کی مثال کون سی ہے؟

الف)اور

ب)لیکن

ج)پر

د)آہ

39۔ لفظ"**لاشعور** "میں"**لا** "کیا ہے؟

الف)لاحقہ

ب)حرف عطف

ج)سابقہ(Prefix)

د)اسم

40۔ "**ہمیشہ** "کا درست مترادف (Synonym) کیا ہے؟

الف) کبھی کبھار

ب)وقتی

ج)سدا

د)آج کل

MODEL TEST PAPER NEW ENTRY CADET COLLEGE PETARO

## SECTION-B

**NOTE: ATTEMPT ALL QUESTIONS.**

**[10 Marks]**

**سوال نمبر2:** **ہدایت** :درج ذیل عنوان پر تقریباً 100 **الفاظ** پر مشتمل ایک جامع مضمون تحریر کیجیے۔ مضمون میں ایک واضح آغاز، نفس مضمون،اور اختتام ہوناچاہیے۔

حب الوطنی (وطن سے محبت) کے موضوع پر ایک مختصر اور مؤثر مضمون تحریر کیجیے۔آپ کے مضمون میں درج ذیل نکات شامل ہونے چاہییں:

I. وطن سے محبت کا مفہوم۔
II. اس جذبے کا اظہار کیسے کیا جا سکتا ہے۔
III. بنیادی ذمہ داریوں کی اہمیت۔

**[10 Marks]**

**سوال نمبر3:** **ہدایت** :درج ذیل موضوع کو مدِ نظر رکھتے ہوئے،ایک دلچسپ اور مکمل کہانی لکھیں۔آپ کی کہانی کا پلاٹ واضح ہوناچاہیے۔کہانی کی طوالت تقریباً 100 **الفاظ** پر مشتمل ہونی چاہیے۔

**عنوان: "لالچ بُری بلا ہے۔"**

******* THE END *******

MODEL TEST PAPER NEW ENTRY CADET COLLEGE PETARO